www.MyShehar.com

توبہ

اے اللہ توبہ کی توفیق مجھے دے دے۔
ہوں گناہگار بہت پھر بھی مجھے بخش دے۔

زندگی گزاردی ساری تیری نافرمانی میں
عیش وعشرت تیری نعمتوں کی فراوانی میں

دیکھتا رہا مخلوق کو جان و مال اور عزت کے لئے
نہیں جانا نہیں پہچانا کبھی الخالق، المعز، المذل کو

نہ کیا کبھی تیرے کسی اک حکم پر عمل
پھر بھی تیری رحمت کا طلب گار رہوں

نہ کیا کبھی تیرے نبیؐ کی اک سنت پر عمل
پھر بھی اس کے اُمتی کا دعویدار رہوں

یونہی جانتا رہا، سمجھتا رہا بے قیمتی چیزوں کو قیمتی
نہ جانی قیمت کبھی تیرے نبی کی اک سنت کی

دیکھتا رہا ٹوٹتے ہوئے تیرے نبیؐ کا طریقہ
نہ ہوا کبھی دردِ دل نہ آیا آنکھ میں آنسو

دیتا رہا کاندھا عزیزوں دوستوں اور پیاروں کو
نہ سوچا لوں گا کبھی کاندھا چھوڑ کر پیاروں کو

لگتا ہے دی کسی نے اذان ابھی کان میں
کوئی نہیں خبر کہ کب وقت نماز ہو جائے

نہیں نظر آتا کوئی اور رستہ نجات کا
ماسوائے توبہ اور تیری رحیم ذات کا

نہیں ہے امید مجھے کوئی اپنے اعمال سے
ہے امید صرف رحمان، رحیم اور عفو سے

تھک گئے ہم تجھ سے مانگتے اور توبہ کرتے
نہیں تھکا تو ہم کو دیتے اور معاف کرتے

اب تو بس اک خواہش ہے سعادت زندگی کی
ہو جائے فیصلہ بخشش گناہگار کا موت سے پہلے

www.MyShehar.com